وزیر اعظم کا ماریشس کا دورہ (12-11 مارچ 2025)

07 مارچ 2025

ماریشس کے وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رامگولام کی دعوت پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی 11-12 مارچ، 2025 کو ماریشس کے سرکاری دورے پر ہوں گے اور 12 مارچ کو ماریشس کے قومی تقریبات میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ بھارتی دفاعی افواج کا ایک دستہ بھارتی بحریہ کے ایک جہاز کے ساتھ تقریبات میں شرکت کرے گا۔ آپ کو بتا دیں کہ وزیر اعظم نے آخری دفعہ 2015 میں ماریشس کا دورہ کیا تھا۔

2. اس دورے کے دوران، وزیر اعظم ماریشس کے صدر سے ملاقات کریں گے، وہاں کے وزیر اعظم سے ملیں گے، اور ماریشس کے سینئر معززین اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیر اعظم بھارتی نژاد کمیونٹی کے اراکین سے بھی ملاقات کریں گے اور بھارت کی امداد سے تعمیر کردہ سول سروس کالج اور ایریا صحت مرکز کا افتتاح کریں گے۔ اس دورے کے دوران متعدد مفاہمت کی یادداشتوں (ایم او یوز) کا تبادلہ کیا جائے گا۔

3. ہندوستان اور ماریشس کے درمیان قریبی اور خاص رشتہ رہا ہے، اور جسکی جڑیں مشترکہ تاریخی، ثقافتی اور عوام سے عوام رابطوں میں پنہاں ہیں۔ مزید برآں، ماریشس ہندوستان کے ویژن ساگر، یعنی خطے میں سب کے لیے سلامتی اور ترقی، کا ایک اہم حصہ ہے۔

4. یہ دورہ بھارت اور ماریشس کے درمیان مضبوط اور دیرینہ تعلقات کی توثیق کرے گا اور تمام شعبوں میں باہمی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے دونوں ممالک کے مشترکہ عزم کو مزید تقویت بخشے گا۔

نئی دہلی

07 مارچ، 2025